پریس ریلیز

# بجلی کا بریک ڈاؤن : جنرل ہسپتال میں 8207مریضوں کا علاج ہوا : پروفیسر الفرید ظفر

## انسانی جان کا کوئی نعم البدل نہیں ،تمام تر وسائل بروئے کار لائے گئے : پرنسپل پی جی ایم آئی

## پرنسپل کا ایم ایس و الیکٹریکل انجینئیر کیلئے تعریفی اسناد کا اعلان ،ڈاکٹرز ،نرسز ،پیرامیڈیکس کو شاباش

## بجلی کی مسلسل فراہمی کیلئے 9جنریٹرز 14 گھنٹے فنکشنل رہے: ڈاکٹر خالد بن اسلم

ایک دن میں 264 آپریشن،1952 ایکسرے،182 سی ٹی سکین،430 الٹرا ساؤنڈ 221 ای سی جی ،19 اینڈوسکوپی پروسیجرز ہوئے

لاہور 24 جنوری:.......لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ نے ملک بھر میں بجلی کی ترسیل میں تکنیکی خرابی کے دوران فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہسپتال کے تمام شعبوں میں مریضوں کو علاج معالجے کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھی ،شعبہ ایمرجنسی و آؤٹ ڈور میں 8207 مریضوں کو طبی سہولیات مہیا کی گئیں جبکہ مجموعی طور پر 264 آپریشن ہوئے ۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے ایل جی ایچ انتظامیہ کی اعلیٰ کارکردگی کو سراہتے ہوئے ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم اور الیکٹریکل انجینئیر ظفر مختار کو تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔انہوں نے ایمرجنسی صورتحال سے احسن طریقہ سے عہدہ برآ ہونے اور اپنے فرائض پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ ادا کرنے پر ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکس کو شاباش دی جبکہ پیر کے روز بجلی کی مسلسل فراہمی کیلئے 9جنریٹر 14 گھنٹے مسلسل فنکشنل رہے۔

پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ انسانی جان کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا اور مریضوں کی جان بچانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گئے اور ہسپتال انتظامیہ و ہیلتھ پروفیشنلز اپنے اہداف حاصل کرنے میں کامیاب رہے جو ہم سب کے لئے باعث اطمینان ہیں۔ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے بریفنگ دیتے ہوئے پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کو بتایا کہ 23جنوری کو ہسپتال میں 1952 ایکسرے،182 سی ٹی سکین،430 الٹرا ساؤنڈ ،231 ای سی جی ،19 اینڈوسکوپی اور 5 مریضوں کی شعاعوں سے پتھری تحلیل کرنے کے پروسیجر بھی کیے گئے۔انہوں نے پرنسپل کو یقین دلایا کہ آئندہ بھی ایسی کسی غیر معمولی صورتحال میں اس ٹیم ورک کو جاری رکھا جائے اور اُن کی سربراہی میں مریضوں کو علاج معالجے کی بلاتعطل فراہمی عمل میں لائی جائے گی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران بھی لاہور جنرل ہسپتال میں کام جاری رکھنے اور آپریشن سمیت تمام ٹیسٹوں کی بروقت تکمیل پر ایم ایس اور اُن کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

☆☆☆☆